# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

**Date: 17 December-2024**

**Time: 09:00-09:10 am**

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۷؍دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ریاستی اسمبلی کے سرمائی اجلاس کا آغاز۔35ہزار788 کروڑروپۓ کے ضمنی مطالبات ایوان میں پیش۔

☆ بیڑاور پربھنی کے ناخوشگوار واقعات پر اسمبلی میں تفصیلی بحث کرنے کی اسپیکر کی یقین دہانی۔

☆ ریاست کے سات اضلاع میں سردی کی سخت لہر چلنے کی محکمہ موسمیات کی پیش گوئی۔

اور۔۔۔☆ بارڈر گاوسکر ٹیسٹ سیریز میں برسبین ٹیسٹ پر آسٹریلیا کی پکڑ مضبوط۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ریاستی اسمبلی کے سرمائی اجلاس کا ناگپور میں کل سے آغاز ہوا۔قانون ساز اسمبلی میں کام شروع ہوتے ہی وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے نئے وزراء کا تعارف پیش کیا۔ بعدازاں، وزیرادئے سامنت نے دونوں ایوانوں میں ضمنی مطالبات پیش کیے۔35ہزار788 کروڑ40لاکھ روپے کے ان ضمنی مطالبات میں محکمہ تعمیرات عامہ کی سب سے زیادہ ساڑھے سات ہزار کروڑ روپے کی تجاویز شامل ہیں۔ساتھ ہی وزیراعلیٰ بلی راجہ رعایتی بجلی اسکیم کیلئے تین ہزار50 کروڑ روپے، وزیراعلیٰ لاڈکی بہین اسکیم کیلئے پندرہ سو کروڑ روپے، مودی آواس گھرکل اسکیم کیلئے ساڑھے بارہ کروڑ، امدادِ باہمی شکر کارخانوں کو قرضہ جات کی فراہمی کیلئے تقریباً بارہ سو کروڑ روپے کے مطالبات کیے گئے ہیں۔

وزیر چندرکانت پاٹل نے کل اسمبلی کے فلور پر آٹھ بل پیش کیے۔سابق گورنر ایس ایم کرشنا اور رکنِ اسمبلی دِنکرراؤ جادھو کے انتقال پر تعزیت کی تجویز کی منظوری کے بعد ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔

قانون ساز کونسل میں بھی نائب چیئرمین نیلم گورہے نے تعزیتی تجویز پیش کی اور آنجہانی رہنماؤں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے بعد ایوان کا کام کاج ملتوی کردیا گیا۔

***** ***** *****

بیڑ قتل اور پربھنی تشدد معاملے پر تحریکِ التوا کے دوران تفصیلی بحث کرنے کا تیقن اسمبلی اسپیکر راہل نارویکر نے دیا ہے۔رُکنِ اسمبلی ناناپٹولے نے کل ایوان میں یہ معاملہ اٹھایا، جس پر وزیراعلی دیویندر پھڑنویس نے اسپیکر کی اجازت کے بعد بحث کرنے کا یقین دلایا۔قانون ساز کونسل میں قائدِ حزبِ اختلاف امباداس دانوے نے یہ مسئلہ اٹھاتے ہوئے حکومت سے اس سلسلے میں عاجلانہ کارروائی کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔

وزیراعلی دیویندر پھڑنویس نے ان سوالات کا جواب دیتے ہوئے یقین دہانی کروائی کہ حکومت ان دونوں سنگین واقعات پر تفصیل سے بحث و مباحثے کیلئے تیار ہے اور آئین کی بے حرمتی کو قطعی برداشت نہیں کیا جائے گا۔

***** ***** *****

ریاستی کابینہ کے نو مقررہ وزیر اتل ساوے نے کہا ہے کہ واٹر گریڈ اور ندیوں کو جوڑنے کے منصوبے کو عملی جامہ پہنا کر مراٹھواڑہ کی خشک سالی کو مستقل طور پر ختم کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ ریاستی وزیر کی حیثیت حلف لینے کے بعد وہ صحافیوں سے مخاطب تھے۔ کابینہ میں شمولیت پر انھوں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی قیادت میں ترقی پذیر مہاراشٹر کیلئے کام کرنے کا انھیں موقع دیا گیا ہے۔ ساوے نے یقین ظاہر کیا کہ مستقبل میں ریاست کی ہمہ گیر ترقی میں پوری مستعدی سے کام کریں گے اور واٹر گریڈ اور ندی جوڑنے کے منصوبوں پر عمل آوری سے مراٹھواڑہ میں قحط سالی کے مسئلے کو حل کرنے کی کوشش کریں گے۔

***** ***** *****

راجیہ سبھا میں کل آئین پر بحث کی شروعات ہوئی۔ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے بحث کا آغاز کرتے ہوئے آئین ساز قائدین کی خدمات کو یاد کیا۔ حزبِ اختلاف کے قائد ملکارجن کھرگے نے بحث میں حصہ لیتے ہوئے مرکزی حکومت پر آئین کو کمزور کرنے کا الزام عائد کیا۔ راجیہ سبھا میں آج بھی آئین پر بحث کا سلسلہ جاری رہے گا، اور بی جے پی نے اپنے سبھی ارکان پارلیمان کو پارٹی حکمنامہ جاری کرکے ایوان میں حاضر رہنے کا حکم دیا ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی آئندہ 29 دسمبر کو آکاشوانی کے ''من کی بات'' پروگرام میں عوام سے مخاطب ہوں گے۔ یہ اس پروگرام کی 117 ویں قسط ہوگی۔

***** ***** *****

ریاستی روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کو گزشتہ ماہ 941 کروڑ روپے کی آمدنی ہوئی ہے۔ یہ جاری سال کی سب سے زیادہ آمدنی ہے۔ ایس ٹی نے اس مہینے کے دوران، روزانہ اوسطاً 60 لاکھ مسافروں کی آمدورفت سے یومیہ 31 کروڑ روپے سے زیادہ کی آمدنی حاصل کی ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

معروف طبلہ نواز اُستاد ذاکر حسین کے انتقال پر تمام شعبہ ہائے زندگی میں رنج و غم کا اظہار کیا جارہا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس سمیت سیاسی اور ثقافتی شعبوں سے تعلق رکھنے والی متعدد شخصیات نے ذاکر حسین کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ عیاں رہے کہ ذاکر حسین کا گذشتہ روز امریکہ میں دورانِ علاج انتقال ہوگیا تھا۔

***** ***** *****

معروف آرگن نواز اور گلوکار پنڈت سنجے رام مراٹھے کا گزشتہ روز دل کا دورہ پڑنے سے تھانے میں انتقال ہوگیا، وہ 68 برس کے تھے۔ تھانے کے ایک خانگی اسپتال میں ان کا علاج جاری تھا۔ وہ پنڈت رام مراٹھے کے بڑے فرزند تھے۔

***** ***** *****

پربھنی میں امبیڈکری تحریک سے وابستہ پینتھر ریپبلکن سینا کے رہنما وجئے واکوڑے کل انتقال کرگئے۔ وہ 64 برس کے تھے۔

***** ***** *****

محکمہ موسمیات نے ریاست کے سات اضلاع چھترپتی سمبھاجی نگر، جالنہ، پربھنی اور بیڑ سمیت اہلیا نگر، پونے اور گوندیا کے مختلف علاقوں میں شدید سردی کی لہر کا الرٹ جاری کیا ہے۔ ریاست کے بیشتر مقامات پر درجہ حرارت میں نمایاں کمی آئی ہے۔ کل مراٹھواڑہ کے ناندیڑ میں سات اعشاریہ چھ، پربھنی میں آٹھ اعشاریہ دو، بیڑ میں سات اعشاریہ پانچ، اور دھاراشیو میں نو اعشاریہ چار ڈگری سیلسیس درجہ حرارت درج کیا گیا۔

***** ***** *****

بارڈر۔گاوسکر ٹیسٹ سیریز میں آسٹریلیا نے برسبین کرکٹ ٹیسٹ پر اپنی پکڑ مضبوط کر لی ہے۔آج میچ کے چوتھے دن کھانے کے وقفے تک بھارت نے اپنی پہلی اننگ میں چھ وکٹ کے نقصان پر 167 رنز بنا لیے ہیں۔آسٹریلیا نے گزشتہ روز پہلی اننگز میں 445 رنز بنائے تھے[4]، جبکہ بھارت کی جانب سے تیز گیند باز جسپریت بمراہ نے چھ وکٹیں حاصل کی ہیں۔ بھارت اس میچ میں اب بھی آسٹریلیائی ٹیم سے 278 رنز سے پیچھے ہے۔

***** ***** *****

پربھنی میں عدالتی تحویل میں ملزم سومناتھ سوریہ ونشی کی موت کی مذمت میں ریپبلکن سینا نے کل، مہاراشٹر بند کا اعلان کیا تھا۔ پربھنی سمیت ضلع بھر میں اس بند کا جزوی اثر دیکھا گیا۔ضلع میں ایس ٹی بس خدمات اور شہر کے اسکول کل بند رکھے گئے۔

چھترپتی سمبھاجی نگر کے کرانتی چوک پر امبیڈکری تنظیموں کی جانب سے احتجاج کیا گیا۔ضلع کے اجنتا کے راستے پر بھی امبیڈکری تحریک کی تنظیموں نے احتجاج کیا۔

لاتور شہر اور ضلع میں بھی اس بند کا ملا جلا اثر نظر آیا۔شہر کے کئی اسکول کالج کل بند تھے اور کوئی بھی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آنے کی اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے۔

جالنہ ضلعے کے تیرتھ پوری، آشٹی، دابھاڑی اور واٹور میں بھی بند کا اعلان کیا گیا تھا۔اس دوران تاجروں سمیت عوام نے اپنے کاروبار بند رکھے۔ اس موقع پر مختلف مطالبات پر مبنی محضر پولس انتظامیہ کو پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے کے امبہ جوگائی تعلقے میں کل دو مقامات پر مختلف واقعات کے خلاف راستہ روکو احتجاج کیا گیا۔ پربھنی میں پیش آئے واقعہ کی مخالفت میں امبہ جوگائی، کلمب ریاستی شاہراہ پر راستہ روکو احتجاج، جبکہ مساجوگ کے سابق سرپنچ کے قتل معاملے کو لیکر ڈھوڑ امبا پر راستہ روکو احتجاج کیا گیا۔گاؤں کے ساکنان کی جانب سے مطالبات پر مبنی محضر انتظامیہ کو پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

دریں اثنا، سنتوش دیشمکھ قتل معاملے میں سی آئی ڈی دستے نے مساجوگ کے متاثرہ خاندان سے ملاقات کی۔ چھترپتی سمبھاجی نگر ڈویژن کے سی آئی ڈی کے پولس سپرنٹنڈنٹ سچن پاٹل بھی اس موقع پر موجود تھے۔

***** ***** *****

ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے ڈگری نصاب کے تحت فرسٹ سمسٹر کے امتحانات آج سے شروع ہو رہے ہیں۔آرٹس، کامرس اور سائنس فیکلٹیز کے تقریباً 18 نصاب کورسیز کے 48 ہزار 278 طلبہ کے ان امتحانات کی شرکت کرنے کی اطلاع یونیورسٹی شعبۂ امتحانات کی سیکریٹری ڈاکٹر بھارتی گولی نے دی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے پرلی کے امول ڈوبے اغوا معاملے کے ملزمین کو کل پولس نے گرفتار کر لیا۔ سارقوں کے ذریعے چرائے گئے دس تولے سونے کے بسکٹ اور ایک لاکھ بارہ ہزار روپئے بھی پولس نے ضبط کر لیے ہیں۔ واردات میں استعمال شدہ گاڑی اور ایک دیسی کٹہ بھی پولس نے ضبط کیا ہے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ ریاستی اسمبلی کے سرمائی اجلاس کا آغاز۔35ہزار788 کروڑ روپے کے ضمنی مطالبات ایوان میں پیش۔

☆ بیڑ اور پربھنی کے ناخوشگوار واقعات پر اسمبلی میں تفصیلی بحث کرنے کی اسپیکر کی یقین دہانی۔

☆ ریاست کے سات اضلاع میں سردی کی سخت لہر چلنے کی محکمہ موسمیات کی پیش گوئی۔

اور۔۔۔☆ بارڈر گاوسکر ٹیسٹ سیریز میں برسبین ٹیسٹ پر آسٹریلیا کی پکڑ مضبوط۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****